© rasailojaraid.com

کارکردگی وفاق

# اخبار الوفاق

ادارہ

☆ **ناظم اعلیٰ وفاق کا دورۂ سعودی عرب**

۲۴ رشعبان المعظم ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۲ رجون ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک: حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زیارت حرمین شریفین اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے ذاتی طور پر سعودی عرب کے سفر پر روانہ ہوئے۔ اور ''وفاق المدارس'' کی اسناد کے معادلہ وغیرہ کے سلسلہ میں مختلف شخصیات سے ملاقات کی۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

☆ **رابطہ عالم اسلامی کے سیکریٹری جنرل سے ملاقات:**

ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم نے مکہ مکرمہ میں ''رابطہ عالم اسلامی'' کے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی سے ملاقات کی اس ملاقات میں ''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' اور سعودی عرب کے جامعات کے درمیان مختلف تعلیمی معاملات پر تعاون کے بارے میں مشاورت ہوئی۔ حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم نے رابطہ عالم اسلامی کی خدمات اور اسلامی ممالک میں اس کے کردار کو سراہا۔ یاد رہے کہ ''رابطہ عالم اسلامی'' عالم اسلام کا ایک مؤقر ادارہ ہے۔ ۱۴ رذی الحجہ ۱۳۸۱ھ مطابق ۲۸ رمئی ۱۹۶۲ء میں اس کی تاسیس عمل میں آئی مرکزی دفتر مکہ مکرمہ میں ہونا قرار پایا۔ یہ ادارہ دنیا بھر میں اپنی دعوتی تبلیغی اور تعلیمی سرگرمیوں کی بناء پر معروف ومشہور ہے۔ رابطہ کے تحت مختلف شعبہ جات دینی خدمات انجام دینے میں سرگرم عمل ہیں۔ 60 علماء کرام پر مشتمل مجلس شوریٰ، رابطہ عالم اسلامی کی سرگرمیوں کی توثیق کرتی ہے۔

☆ **''الھیئۃ الاسلامیہ العالمیہ للتعلیم'' کے مدیر کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ میں شرکت:**

حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم نے رابطہ عالم اسلامی کے شعبہ ''الھیئۃ الاسلامیہ العالمیہ للتعلیم'' کے مدیر فضیلۃ الشیخ علی بن مقبول العمری کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ میں شرکت کی جس میں محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن الحازمی مدیر معہد الرابطۃ لاعداد الآئمۃ والدعاۃ، محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن القصاص مفتی حرم مکہ، محترم ڈاکٹر مشعل اللھیبی، محترم ڈاکٹر ہاشم الاھدل اور محترم ڈاکٹر طارق الدھلوی سمیت ممتاز شخصیات شریک ہوئیں۔ استقبالیہ میں پاکستان کے دینی مدارس وجامعات اور سعودی عرب کے مدارس وجامعات کے مابین تعلقات کے فروغ، تعلیمی سرگرمیوں میں باہمی اشتراک اور دیگر دوطرفہ دلچسپی کے امور پر مشاورت ہوئی۔ اور ''وفاق المدارس اور الھیئۃ الاسلامیہ العالمیہ للتعلیم'' کے مابین گذشتہ سال طے پانیوالے معاہدے کی روشنی میں متعدد امور پر تبادلۂ خیال ہوا اور عملی اقدامات تجویز کیے گئے۔

☆ **سفر یورپ**

۱۲ ررمضان المبارک ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۰ رجون ۲۰۱۵ء بروز منگل: حضرت ناظم اعلی صاحب زید مجدہم منگل کی شام متعدد ممالک برطانیہ، ناروے، جرمنی، سوئیزلینڈ، اٹلی اور فرانس کے دورہ پر ذاتی طور پر روانہ ہوئے۔ اس سفر میں ناظم اعلیٰ وفاق نے متعدد اجتماعات سے اپنے خطاب میں پاکستان کے دینی مدارس اور وفاق المدارس کی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

☆ **اوسلو، ناروے میں نماز عید الفطر**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۲۷؍رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۵؍جولائی ۲۰۱۵ء بروز منگل : حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم رمضان المبارک کی ستائیسویں شب برطانیہ سے ناروے کے شہر اوسلو پہنچے۔ ختم قرآن پاک کی تقریبات اور یہاں بسنے والے مسلمانوں کے مختلف دینی اجتماعات سے خطاب کیا، ان اجتماعات اور تقریبات کا اہتمام مولانا قاری بشیر احمد، مولانا طارق عثمان ، مولانا عبداللطیف، مولانا ذوالقرنین سکندر، مولانا بلال احمد، قاری محبوب الرحمان، قاری محمد داؤد، ڈاکٹر خالد سعید صاحب، حاجی اللہ دتہ، شیخ محمد شاہد، بھائی جنید بابر اور چودھری اشرف صاحب نے کیا۔ حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے نماز عید الفطر بھی اوسلو میں ہی پڑھائی اور نماز عید الفطر کے بہت بڑے اجتماع سے خطاب کیا، اس سفر میں حضرت کے صاحبزادے اور مولانا احمد حنیف صاحب مدرس جامعہ خیر المدارس ملتان بھی ہمراہ تھے، انہوں نے بھی مختلف تقریبات میں خطاب کیا۔

☆ **جرمنی کا پانچ روزہ دورہ**

۳؍شوال المکرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰؍جولائی ۲۰۱۵ء بروز سوموار : حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم ناروے سے پانچ روزہ دورے کے بعد جرمنی پہنچے۔ جرمنی میں مفتی محمد احمد صاحب، مولانا شمس الحق صاحب، حافظ محمد اسماعیل صاحب، حاجی محمد الیاس صاحب، حاجی ریاض احمد صاحب، محترم محمد یاسر صاحب، جناب سراج الدین صاحب، محمد ارشد بٹ صاحب اور محمد سلیم صاحب نے آپ سے ملاقات کی اور مختلف موضوعات پر باہمی مشاورت کی۔ حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے مختلف تقریبات اور اجتماعات میں خطاب کے ساتھ ساتھ جرمنی میں مقیم مسلمانوں کی دینی ضروریات پر گفتگو کی۔

☆ **اٹلی (روم) کا سفر**

۷؍شوال المکرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۴؍جولائی ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک : حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم جرمنی کا پانچ روزہ مکمل کرنے کے بعد بروز جمعۃ المبارک اٹلی (روم) پہنچے۔ اٹلی میں بھائی غلام عباس صاحب، محترم بھائی زبیر صاحب، بھائی جلال الدین صاحب، بھائی سلیم رضا صاحب، قاری محمد داؤد صاحب نے استقبال کیا اور مختلف مقامات پر تقریبات منعقد کیں۔

☆ **فرانس کا دورہ**

۱۰؍شوال المکرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۷؍جولائی ۲۰۱۵ء بروز سوموار: حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم محترم بھائی اشرف صاحب کی دعوت پر دو یوم کے لیے فرانس بھی تشریف لے گئے۔

☆ **حکومتِ سندھ اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے مابین منعقدہ اجلاس میں شرکت:**

ناظم اعلیٰ وفاق نے ۲۴؍شوال المکرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۰؍اگست ۲۰۱۵ء بروز پیر: سندھ سیکریٹریٹ کراچی میں حکومت سندھ اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے قائدین، کراچی کے اہم مدارس و جامعات کے ذمہ داران اور علماء کرام کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کی۔ اس اجلاس کی صدارت وزیرِ اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے مذہبی امور محترم ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو صاحب نے کی۔ پولیس سپیشل برانچ اور دیگر حکومتی اداروں کے ذمہ داران بھی شریکِ اجلاس ہوئے۔

ناظم اعلیٰ صاحب کے علاوہ مولانا عبیداللہ خالد صاحب، ناظم اعلیٰ جامعہ فاروقیہ کراچی، مولانا امداداللہ صاحب ناظم تعلیمات جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی، مولانا سعید عبدالرزاق سکندر اور کراچی و سندھ کے مدارس کے ذمہ داران نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

ناظم اعلیٰ نے دینی مدارس کی رجسٹریشن، کوائف، نصابِ تعلیم، مدارس کے خلاف آپریشن جیسے موضوعات پر تفصیلی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گفتگو کی اور مرکزی وصوبائی حکومتوں کے ساتھ اب تک ہونے والے مذاکرات اور معاہدات کی تفصیل بیان کی اور مؤقف اختیار کیا کہ حکومت معاہدوں کی خلاف ورزی کر رہی ہے نہ کہ اربابِ مدارس۔ اس لئے حکومت مدارس کے خلاف معاندانہ رویہ ترک کرے اور معاہدوں کی پابندی کرے۔ اجلاس میں طویل گفتگو کے بعد طے پایا کہ حکومتِ سندھ اور مدارس کے درمیان مستقل رابطہ کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی اور مدارس کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔ نیز آئندہ کسی بھی مدرسہ کے خلاف کوئی بھی کارروائی مذکورہ کمیٹی کو اعتماد میں لئے بغیر نہیں ہوگی۔

واضح رہے کہ اجلاس میں مشیر مذہبی اُمور کی طرف سے مدارس سے متعلقہ مسائل پر ایک مسودہ پیش کیا گیا تھا جس پر اس اجلاس میں غور کیا گیا اور اکابرینِ وفاق نے گذشتہ رات جامعہ دارالعلوم کراچی میں اپنے ایک اجلاس میں اس پر طویل مشاورت کے بعد اپنا مؤقف طے کیا۔ جامعہ دارالعلوم کراچی میں یہ مشاورتی اجلاس حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم العالی کی زیرِ صدارت ہوا اور اس میں حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم العالی، ناظمِ اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، حضرت مولانا عبیداللہ خالد صاحب، حضرت مولانا امداداللہ صاحب، مولانا سعید عبدالرزاق صاحب، مولانا زبیر اشرف عثمانی صاحب، مولانا ڈاکٹر عمران اشرف صاحب اور مولانا راحت علی ہاشمی صاحب نے شرکت کی۔

## ☆ صدرِ وفاق دامت برکاتہم العالیہ سے ملاقات:

ناظمِ اعلیٰ وفاق نے اسی روز بعد نمازِ عصر جامعہ فاروقیہ کراچی میں صدرِ وفاق دامت برکاتہم سے ملاقات کی اور ''وفاق'' کے اہم اُمور پر مشاورت کی۔

## ☆ جامعہ محمدیہ اسلام آباد میں علماء کرام کے اجلاس میں شرکت اور محترم عرفان صدیقی صاحب سے ملاقات:

۲۵ رشوال المکرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۱ راگست ۲۰۱۵ء بروز منگل ''ناظمِ اعلیٰ وفاق'' کراچی سے اسلام آباد تشریف لے گئے اور جامعہ محمدیہ اسلام آباد میں منعقدہ علماءِ کرام اور اربابِ مدارس کے اجلاس میں شرکت کی اور خطاب فرمایا۔ ناظمِ اعلیٰ نے موجودہ صورتِ حال پر گفتگو کرتے ہوئے فرمایا کہ مدارس کے خلاف اقدامات عالمی ایجنڈا ہیں۔ یہ دورِ ابتلاء ہے، پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اِن شاء اللہ مدارس قائم رہیں گے۔ اربابِ وفاق مسائل کے حل کے لئے مسلسل اربابِ اقتدار سے رابطہ میں ہیں اور مسائل کے حل کے لئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ آپ حضرات مدارس کے داخلی نظام کو مضبوط و محفوظ بنائیں اور تعلیم وتربیت کی طرف خصوصی توجہ فرمائیں۔

اجلاس میں مولانا قاضی عبدالرشید، مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی، مولانا محمد اشرف علی، مولانا نذیر فاروقی، مولانا عبدالغفار سمیت علماءِ کرام اور ذمہ دارانِ مدارس نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

بعدازاں ناظمِ اعلیٰ وفاق نے علماء کرام کے وفد کے ہمراہ وزیراعظم کے مشیر برائے قومی اُمور محترم جناب عرفان صدیقی صاحب سے ملاقات کی اور مدارس کے خلاف ہونے والی حکومتی کارروائیوں اور زیادتیوں سے آگاہ کیا۔ محترم عرفان صدیقی صاحب نے وزیراعظم صاحب، وزیرداخلہ صاحب اور وزیراعلیٰ پنجاب سے رابطہ کر کے اِن شکایات کے ازالہ کی یقین دہانی کرائی۔

## ☆ سعودی عرب کے محترم سفیر صاحب سے ملاقات

۲۷ رشوال المکرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۳ راگست ۲۰۱۵ء بروز جمعرات: ناظمِ اعلیٰ وفاق نے علماء کرام کے ایک وفد کے ہمراہ سعودی عرب کے نئے سفیر محترم شیخ عبداللہ بن مرزوق الزہرانی سے ملاقات کی اور انہیں پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور ان کی تعیناتی کو پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کی مضبوطی کا ذریعہ قرار دیا اور اُمید ظاہر کی کہ آپ کی آمد اور تعیناتی سے پاکستان اور سعودی عرب کے دینی مدارس وجامعات اور علماء کرام کے درمیان بھی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔



© rasailojaraid.com